پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001

فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

20/اپریل، 2017

ساورین گولڈ بانڈس اسکیم18-2017 سیریز

ریزروبینک نے بھارت سرکار سے صلاح مشورہ کے بعد ساورین گولڈ بانڈ اسکیم18-2017 سیریز1 کو جاری کرنے کا فیصلہ کیا۔ بانڈ کے حصول کے لئے درخواستیں 24اپریل2017 سے28اپریل2017 تک قبول کی جائیں گی۔ بانڈس بینکوں، اسٹاک ہولڈنگ کارپوریشن آف انڈیا(ایس ایچ سی آئی ایل)، ڈاک خانوں اور تسلیم شدہ اسٹاک ایکسچینجوں مثلاً نیشنل اسٹاک ایکسچینج (این ایس ای) آف انڈیا لمیٹیڈ اور بامبے اسٹاک ایکسچینج کے ذریعہ فروخت کئے جائیں گے، بانڈ کی خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں۔

نمبرشمار	آئیٹم	تفصیلات
1	پروڈکٹ کا نام	ساورین گولڈ بانڈ18-2017 سیریز۔1
2	اجراء	بھارت سرکار کی طرف سے ریزروبینک آف انڈیا کے ذریعہ جاری کیا جائے گا۔
3	اہلیت	بانڈس کی فروخت مقیم ہندہستانی اداروں(انٹیٹیز) بشمول انفرادی اشخاص ایچ یو ایف۔ اوقاف، یونیورسٹیز اور فلاحی تنظیموں تک ہی محدود رہے گی۔
4	قیمت (ڈنامینشن)	بانڈس بنیادی یونٹ 1 گرام سونا (گولڈ) کے ضرب (ملٹیپلیس) میں ہی جاری ہوں گے۔
5	میعاد	بانڈ کی میعاد8 سال کے لئے ہوگی لیکن اس کوسود کی ادائیگی کی تاریخ سے5 سال پرواپس کیا جائے گا۔
6	منیمم سائز (کم سے کم حد)	بانڈ میں کم سے کم ایک گرام گولڈ میں انویسٹ کیا جاسکے گا۔
7	زیادہ کی حد (میگزیمم لمٹ)	کسی ادارہ یا فرد کے لئے فی مالیاتی سال(اپریل۔مارچ) فی فرد500 گرام گولڈ سے زیادہ بانڈس خریدنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اس سے متعلق خود کا ڈکلیریشن حاصل کرنا ہوگا۔
8	جوائنٹ ہولڈر	جوائنٹ ہولڈنگ کے معاملہ میں صرف درخواست کے پہلے نام کے لئے لمٹ500 گرام۔
9	اجراء کی قیمت	بانڈ کی قیمت کا تعین خرید کے پہلے ہفتہ کے ایک گرام سونے کی قیمت(999 خالص سونا) کے اوسط کے حساب سے ہندوستانی روپیہ سے کیا جائے گا اور یہ قیمت انڈیا بلین جیولرس ایسوسی ایشن (لمٹیڈ) کے ذریعہ شائع کی گئی قیمت ہوگی۔ گولڈ بانڈ کے اجراء کی قیمت اس کی نامینل قیمت سے پچاس روپیہ(-/Rs.50) کم فی گرام گولڈ کی قیمت ہوگی۔
10	پیمنٹ کا طریقہ	بانڈس کی قیمت کی ادائیگی نقد(صرف-/Rs.20000 (روپیہ بیس ہزار) تک ڈیمانڈ ڈرافٹ چیک یا الیکٹرانک بینکنگ کے ذریعہ کی جائے گی۔
11	اشوئینس فارم (اجراء کی شکل)	گولڈ بانڈس بھارت سرکار کے اسٹاکس (گورنمنٹ سیکورٹیز ایکٹ2006 کے تحت) کی طرح جاری کئے جائیں گے۔ انویسٹر(خریدار) کی ہولڈنگ سرٹیفکٹ دیئے جائیں گے ان بانڈس کو ڈی میٹ فارم میں بھی تبدیل کیا جاسکے گا۔

12	واپسی کی قیمت ۔(ری ڈیمیشن پرائز)	بانڈس کی واپسی قیمت ہندوستانی روپیہ میں واپسی کی تاریخ کے پہلے ہفتہ کی گولڈ کی اوسط قیمت) جوانڈینہ بلین اینڈ جویلرس ایسوسی ایشن کے ذریعہ (پیر سے جمعہ)999 خالص سونے کی قیمت کی اشاعت پر ہوگی۔
13	سیلس چینل (فروخت کے ذرائع)	بانڈس کے فروخت بینکوں، اسٹاک ہولڈنگ کارپوریشن آف انڈیا لمٹیڈ (ایس سی آئی ایل) مجوزہ پوسٹ آفس (جیسا کہ نوٹیفائی کئے گئے ہوں)اور تسلیم شدہ اسٹاک ایکسچینجز، جیسے نیشنل اسٹاک ایکسچینج آف انڈیا لمٹیڈ اور بامبے اسٹاک ایکسچینج کے ذریعہ براہ راست یا بالواسطہ ایجنٹوں کے ذریعہ کی جائے گی۔
14	شرح سود	انویسٹر کو 2.5% سالانہ سود کی شرح سے معاوضہ دیا جائے گا اور یہ سود چھ ماہی بنیاد پر اوسط قیمت پر ادا ہوگا۔
15	کولیٹرل (تھرڈ پارٹی)	بانڈس کو قرض کے لئے کولیٹرل کے طور پر استعمال کیا جاسکے گا۔قرض کی قیمت کے لئے ریزروبینک کے ذریعہ آرڈیزی گولڈ لون سے متعلق وقتاً فوقتاً قوانین کے تحت اس کی قیمت طے کی جائے گی۔
16	کے وائی دستاویز	اپنے صارف کو پہچاننے (کے وائی سی) قوانین وہی ہیں جو گولڈ خریدنے کے لئے ضروری ہیں کے وائی سی کے لئے ووٹر آئی ڈی، آدھار کارڈ/ پین کارڈ یا ٹین پاسپورٹ کی ضرورت ہوگی۔
17	ٹیکس ذمہ داری	گولڈ بانڈس پر حاصل سود پر ٹیکس ادا کرنا ہوگا جیسا کہ انکم ٹیکس ایکٹ، 1961 (1961 کا 43) میں ذکر ہے کسی فرد کے لئے کیپٹل گین ٹیکس کو مستثنیٰ کر دیا گیا ہے۔ (ساورین گولڈ بانڈ کے ریڈیمیشن پر ملنے والا کیپٹل گین) بانڈ کو ٹرانسفر کرنے پر حاصل کیپٹل گین جو لانگ ٹرم بنیاد پر ہو کو انڈیکشین فائدہ دیا جائے گا۔
18	ٹریڈ کے لائق	اسٹاک ایکسچینجز پر بانڈس کو ان کی اجراء کی تاریخ سے پندرہ دن کے اندر (ریزروبینک کے ذریعہ شائع کی گئی اجراء کی تاریخ سے) ٹریڈیبل ہوں گے۔
19	ایس ایل آر موزونیت	یہ بانڈس ایس ایل آر (اسٹیچورٹی لکوئیڈیٹیڈ ریشیو) مقصد کے لئے موزوں ہوں گے۔
20	کمیشن	بانڈس کی فروخت پر ان کی کل قیمت کا 1% کمیشن کی شکل میں تقسیم کیا جائے گا قیمت کا حصولی دفتر اس کمیشن کی رقم کا 50% یعنی کل رقم کا 0.5% خود لے گا اور باقی 0.5% ایجنٹ یا سب ایجنٹ کو دے گا۔

شوئیتا

اسسٹنٹ منیجر

پریس ریلیز 2847/2016-2017